NYC HEALTH+ HOSPITALS

NYC
Bill de Blasio
Mayor

Office of Immigrant Affairs
Nisha Agarwal
Commissioner

دسمبر 2016 – دوبارہ جاری شدہ اپریل 2018

# نیو یارک کے تارک وطن باشندوں کے نام کھلا خط

ڈاکٹر کے پاس، کلینک، ہسپتال یا ایمرجنسی روم میں جانے سے خوف زدہ نہ ہوں۔
تمام تارکین وطن کو اپنے ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر، نیو یارک سٹی میں طبی نگہداشت موصول ہوتی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ کسی بھی ادارے میں بلا خوف نگہداشت حاصل کریں۔

NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز (NYC Health + Hospitals) نیو یارک سٹی میں سرکاری ہسپتالوں اور مضافاتی صحت مراکز کو چلاتا ہے۔ ہم آپ کا احترام کرتے ہیں اور آپ جس نگہداشت صحت کے حقدار ہیں اسے حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ جب آپ نگہداشت صحت کی ہماری سہولیات میں تشریف لاتے ہیں تو ہم آپ کی ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں معلومات اکٹھا نہیں کرتے ہیں اور ہم مریض کے اجازت نامہ کے بغیر یا قانونی طور پر مطلوب ہوئے بغیر کبھی بھی مریض کی معلومات جاری نہیں کرتے ہیں۔ ہمارا عملہ اسے نجی اور خفیہ رکھے گا۔ ہمارے صحت مراکز اور ہسپتال ہر کسی کی دیکھ بھال کرنے کی ایک طویل اور قابل فخر تاریخ کے حامل ہیں۔ ہماری عہد بستگی مضبوط ہے۔ اس میں تبدیلی نہیں آئی ہے۔

ہم تمام تارکین وطن سے وعدہ کرتے ہیں:
سٹی آف نیو یارک کے پاس ترک وطن کی حیثیت اور دیگر خفیہ معلومات کا تحفظ کرنے کی پالیسی ہے۔ NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز رازداری کے آپ کے حق کا احترام کرے گا۔

NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز کے سرکاری ہسپتال اور صحت مراکز پورے نیو یارک سٹی کے مضافات میں واقع ہیں اور مختلف زبانوں میں خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ہم 200 زبانوں میں، روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن مفت ترجمانی کی خدمات فراہم کرتے ہیں اور ہمارے مریضوں کی ترجیحی 13 زبانوں میں مریض کے لیے ترجمہ شدہ تعلیمی مواد پیش کرتے ہیں۔ ہمارے ڈاکٹر، نرسیں اور نگہداشت صحت کے دیگر کارکنان آپ کا خیال رکھتے ہیں۔ ان میں سے بہت سارے تارکین وطن ہیں یا تارکین وطن کے بچے ہیں۔ وہ سبھی عزت کے ساتھ آپ کی خدمت کرنا چاہتے ہیں اور آپ کی رازداری کا احترام کرنے کے لیے کام کریں گے۔

جاری �

آپ کو درکار نگہداشت صحت حاصل کرنے میں آپ کی مدد کے لیے مختلف اختیارات دستیاب ہیں۔
تمام بچے اور حاملہ خواتین صحت بیمہ حاصل کر سکتے ہیں -- چاہے آپ کے پاس قانونی حیثیت نہ ہو۔ NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز کا عملہ آپ کو درکار بیمہ حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز آپ کی مدد کرے گا چاہے آپ کے پاس بیمہ نہ ہو یا آپ نگہداشت صحت کے لیے کافی ساری رقم ادا نہیں کر سکتے ہوں۔ یہ بات ہر قسم کی نگہداشت صحت کی خدمات، بشمول ہنگامی نگہداشت، ڈاکٹر کی ملاقاتوں، دوا، طویل مدتی نگہداشت اور ہسپتال میں قیام پر صادق آتی ہے۔ یہ پتہ کرنے میں مدد کے لیے کہ آپ کتنی رقم ادا کر سکتے ہیں، ہمارا عملہ آپ سے اس بابت کچھ معلومات پوچھے گا کہ آپ کتنا کماتے ہیں اور آپ کے خاندان میں کتنے لوگ ہیں۔ آپ کو اپنے گھر کا پتہ، شناخت کا کچھ ثبوت، اور اپنی تاریخ پیدائش دکھانی ہوگی۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ بیمار پڑنے سے پہلے اور ہنگامی صورتحال بن جانے سے قبل، آج ہی خود کو درکار نگہداشت حاصل کریں۔

NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز نے IDNYC کے ساتھ شراکت کی ہے، جو سبھی لوگوں کے لیے دستیاب سٹی کا بلدیاتی شناختی کارڈ ہے جو مریضوں کے لیے شناخت کی ایک تسلیم شدہ شکل ہے جسے چیک ان اور رجسٹریشن کی کارروائی کے دوران استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ہماری پالیسی واضح ہے، NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز کے ملازمین مریض کے اجازت نامہ کے بغیر یا قانونی طور پر مطلوب ہوئے بغیر کسی کو بھی معلومات نہیں دے سکتے ہیں۔ ہمارے تمام ملازمین کو علم ہے کہ اگر وہ اس وعدے کو توڑتے ہیں تو وہ اپنی ملازمت سے محروم ہو سکتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہی واحد ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعہ ہم آپ کا اعتماد برقرار رکھ سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ، سٹی کی دیگر خدمات آپ کے لیے دستیاب ہیں، جس میں غذا، تعلیم، قانونی خدمات، عوامی تحفظ وغیرہ شامل ہیں۔ ہم نیو یارک کے تارک وطن باشندوں کو سٹی کی وہ اہم خدمات حاصل کرنے کی ترغیب دیتے ہیں جو ان کے لیے اور ان کے اہل خانہ کے لیے دستیاب ہیں۔

تمام سرکاری ہسپتالوں اور صحت مراکز کی فہرست کے لیے، IDNYC جیسے وسائل کے بارے میں مزید پتہ کرنے کے لیے یا NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز یا میئر کے دفتر برائے امور تارکین وطن کو پیغام بھیجنے کے لیے 311 پر کال کریں۔

نیو یارک کے ہر ایک باشندے کو – استثناء کے بغیر – ممکنہ صحت مند ترین زندگی گزارنے کا اختیار عطا کرنا ہی ہمارا مشن ہے۔

**DR. MITCHELL KATZ**
صدر اور CEO
NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز

**NISHA AGARWAL**
کمشنر
میئر کا دفتر برائے امور تارکین وطن

#NYCHealth4All

www.nychealthandhospitals.org